بخدمت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

عنوان: اپیل برخلاف حکم مورخہ 05-03-2018 بابت حلقہ بندی

این اے 119 شیخوپورہ I

این اے 120 شیخوپورہ II

این اے 121 شیخوپورہ III

این اے 122 شیخوپورہ IV

جناب عالی!

گزارش ہے کہ سائل/اپیلانٹ حلقہ این اے 119 کا رہائشی ہے اور پیشہ وکالت سے منسلک ہے۔ ضلع شیخوپورہ کے قومی اسمبلی کے جو چار حلقہ جات بنائے گئے ہیں وہ بمعہ آبادی مندرجہ ذیل ہیں اور سائل/اپیلانٹ مندرجہ ذیل حلقہ جات کی طرف جناب اعلیٰ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہے۔

i. این اے 119 شیخوپورہ I کی کل آبادی 8,85,990 افراد پر مشتمل ہے۔

ii. این اے 120 شیخوپورہ II کی کل آبادی 8,42,144 افراد پر مشتمل ہے۔

iii. این اے 121 شیخوپورہ III کی کل آبادی 9,19,756 افراد پر مشتمل ہے۔

iv. این اے 122 شیخوپورہ IV کی کل آبادی 8,12,536 افراد پر مشتمل ہے۔

قانون کی روح سے ضلع کے دو حلقوں کے درمیان آبادی کا فرق 10% سے زیادہ نہیں ہو سکتا جبکہ شیخوپورہ کی کل آبادی 34,60,426 ہے اور ایک حلقہ کیلئے کوٹہ 8,65,106 بنتا ہے۔ کوٹہ کی بالائی حد 9,08,361 ہے جبکہ زیریں حد 8,21,851 ہے۔ تجویز شدہ حلقہ نمبر 121 اور 122 قانون کی روح سے برقرار نہیں رکھے جا سکتے۔ (باب نمبر 3 انتخابی ایکٹ 2017ء)

مندرجہ بالا حلقہ بندی میں این اے 121 اور 122 کی آبادی میں تقریباً ایک لاکھ سے بھی زیادہ کا فرق بنتا ہے جنہیں موزوں کرنے کی ضرورت ہے۔

-5-

متذکرہ بالا حلقہ جات کی آبادی اور باؤنڈریز کے بہتر بنانے کیلئے درج ذیل تجاویز پیش ہیں۔

1. ضلع شیخوپورہ کی کل آبادی 34,60,426 ہے لہذا قومی اسمبلی کے ایک حلقہ کا کوٹہ 8,65,106 بنتا ہے۔ مجوزہ حلقہ این اے 119 کوٹہ کو 20 ہزار کی زیادہ آبادی پر تجویز کیا گیا ہے۔ اگر این اے 119 شیخوپورہ I سے قانونگوئی فیروزوالہ I پٹوار سرکل درگاہی گل قدیم جس کی آبادی 9907 ہے اور قانونگوئی فیروزوالہ II پٹوار سرکل چک نمبر 39 جس کی آبادی 25,396 ہے اور دونوں مواضعات کی (درگارہی گل قدیم اور چک نمبر 39) کی کل آبادی 35,303 ہے جو حلقہ این اے 119 شیخوپورہ I کی Proposed by Election Commission آبادی 8,85,990 میں سے نکال دیا جائے تو بقایا **کل آبادی 8,50,687** بنتی ہے جبکہ این اے 120 کی آبادی کوٹہ سے تقریباً 23 ہزار کم ہے۔ اگر مندرجہ بالا پٹوار سرکل کی آبادی 35,303 کو این اے 120 شیخوپورہ II کی Proposed آبادی 8,42,144 میں شامل کر دیں تو یہ حلقہ بھی **8,77,447** کا بن سکتا ہے۔ مجوزہ حلقہ نہ صرف یہ کہ کوٹہ کے زیادہ قریب ہے بلکہ انتخابی Act 2017 کے Section 22 پر بھی پورہ اترتا ہے۔

2. این اے 121 شیخوپورہ III کی Proposed آبادی 9,19,756 افراد پر مشتمل ہے جو کہ کوٹہ کی بالائی حد سے زیادہ ہونے کی وجہ سے غیر قانونی ہے۔ اگر این اے 121 شیخوپورہ III کی Proposed آبادی 9,19,756 میں سے اجنیانوالہ قانگوئی کے 6 پٹوار سرکل ***(پٹوار سرکل ڈھینگر باٹھ آبادی 7447، پٹوار سرکل گھیانہ نو آبادی 8123، پٹوار سرکل بوہر باٹھ آبادی 4734، پٹوار سرکل پنڈیانوالہا آبادی 12251، پٹوار سرکل چنبل آبادی 5005 اور ورکے باٹھ آبادی 3429 اس طرح <u>کل آبادی 40,989</u>)*** کو نکال کر این اے 122 میں شامل کر دیا جائے تو اس طرح این اے 121 کا حلقہ 8,78,767 کا بن جائے گا اور این اے 122 کے حلقہ میں جمع کرنے سے **853,525** بن جائے گا جو کہ درست کیے جانے انتہائی ضروری ہے۔

وجوہات منسوخی حکم مورخہ 05-03-2018:

جناب اعلیٰ!

مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر حلقہ بندی میں تبدیلی کیے جانا انتہائی ضروری ہے۔

1- یہ کہ متذکرہ بالا علاقہ جات ایک دوسرے کے زیادہ نزدیک ہیں اس لیے متذکرہ بالا علاقہ جات/حلقہ جات میں تبدیلی کیے جانا انتہائی ضروری ہے۔

2- یہ کہ متذکرہ بالا حلقہ جات میں تبدیلی کرنے سے لوگوں کو ووٹ کاسٹ کرنے میں آسانی میسر ہوگی۔

3- یہ کہ متذکرہ بالا حلقہ جات میں تبدیلی کرنے سے چاروں حلقہ جات میں آبادی تقریباً برابر ہو جائے گی۔

-6-

4۔ یہ کہ حلقہ جات میں تبدیلی کرنے سے پولنگ اسٹیشن تک لوگوں کی رسائی آسان ہو جائے گی۔
5۔ یہ کہ متذکرہ بالا حلقہ جات میں تبدیلی کرنے سے ووٹ زیادہ سے زیادہ کاسٹ ہوں گے۔
6۔ یہ کہ متذکرہ بالا حلقہ جات میں تبدیلی سے الیکشن کے دن لوگوں کا وقت ضائع ہونے سے بچ جائے گا۔
7۔ یہ کہ متذکرہ بالا حلقہ جات میں تبدیلی سے الیکشن کا Process آسانی سے مکمل ہو جائے گا اور لڑائی جھگڑے کا بھی خدشہ نہ ہوگا۔

اندریں حالات بالا استدعا ہے کہ درخواست ہذا کو متذکرہ بالا وجوہات کی روشنی میں منظور فرماتے ہوئے حلقہ جات میں تبدیلی کر کے لوگوں کیلئے آسانی پیدا کی جائے جو کہ قرین انصاف ہے۔ نیز دیگر دادرسی جو قرین انصاف ہو بھی دلائی جائے۔

عــــــــــــــــــرضــــــــــــــــــے

قربان علی بھٹی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ولد احسان اللہ خان
ساکن بوچھ، ڈاکخانہ بچڑ، تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ
سابقہ صدر فیروزوالہ بار ایسوسی ایشن
سلسلہ نمبر:197، شناختی کارڈ نمبر:35401-5434029-3
موبائل نمبر:0300-9425822